© rasailojaraid.com

حضرت العلامہ مولانا قاضی عبدالکریم صاحب کلاچی

ممبرانِ قومی اسمبلی کے نام، ایک دینی پیغام

اُن علماء کرام کے نام خصوصاً اور دیگر شریعت خواہ ممبران محترم کے نام عموماً جو قومی اسمبلی کے انتخاب میں کامیاب ہوچکے ہیں

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اس کامیابی کو ملک میں نفاذ شریعت مطہرہ کا قوی ذریعہ گردانے آمین ثم آمین ۔

گذارش یہ ہے کہ (الف) اوّلین مرحلہ پر قومی اسمبلی سے سینٹ میں منظور شدہ شریعت بل کا منظور کرانا اس لئے بے حد ضروری ہے کہ اس سلسلہ میں اب تک مسلمانانِ پاکستان کے نیک جذبات بحمدہ نہایت ہی بیدار رہیں اس میں ذرّہ بھی تاخیر سے کام لیا گیا تو ع

یک لحظہ غافل بودم و صد سالہ راہم دور شد

کے تحت عرصہ دراز تک ملکی عدالتیں اسی طرح قرآن وسنّت کی توہین کی مرتکب رہیں گی ۔ اور غیر شرعی قوانین کے باعث ملک میں اسی طرح حرام خوریاں اور حرام زدگیاں بڑھتی رہیں گی ۔ جیسے کہ اب ہو رہا ہے ـــــ مخالفین شریعت پاک کی بھرپور کوشش یہی ہوگی کہ حیلوں، حوالوں، مکروفریب اور تاویلات کے پھندوں میں پھنسا کر اس میں تاخیر کرائیں تاکہ اہل اسلام کے یہ بیدار دینی جذبات ٹھنڈے پڑجائیں اور غیر شرعی قوانین کے باعث امت ذلیل ہوتی رہے لاقدّر ہا اللہ تعالیٰ

(ب) منظور شدہ شریعت بل میں ردّو بدل اور بعض ترمیمات سے اگرچہ بوجوہ اہم بھی ہوں سردست گریز فرماویں کیونکہ اس طرح یہ نیا بل تصوّر ہوگا ۔ اور سینٹ سے از سرِنو اس کی منظوری ضروری قرار پائے گی جو جوئے شیر لانے سے کم مشکل نہیں بہ الفاظ دیگر سینٹ میں جلتی ہوئی جنگ گویا نادانستہ طور سے ہار لی جاویگی والعیاذ باللہ ع

لغزش نہ ہو غضب ہے حسینوں کا التفات

(ج) بہ خیال شریف میں رہے کہ قوانین تو کیا آئین اور دستور میں بھی ترمیمات کا دروازہ کھلا رہتا ہے اس وقت ایوان زیریں قومی اسمبلی سے آپ نے کم از کم ملکی عدالتوں سے قرآن وسنت کی پابندی کا کلمہ پڑھوانا ہے جو کہ ایوانِ بالا سینٹ سے پڑھوایا جاچکا ہے پھر حنفی اور شافعی بنانے کے لئے بصد خوشی جب تک ضروری ہو جدوجہد جاری ہی رہنی چاہیے بہرحال مخالفین شریعت کے چالوں سے بچتے ہوئے بنیاد جو رکھ دی گئی ہے اسے خدا کیلئے اکھڑ ولنے نہ دیں اللہ تعالیٰ آپ کا حافظ و ناصر ہے ۔ ہرچند کہ حکمت بلقمان آموختن کچھ زیادہ دانشمندی نہیں لیکن کسی کار میں کلمہ خیر سے شریک ہونا شرعاً معیوب بھی نہیں بڑوں کے سامنے کوئی تجویز رکھنا آپ کو معلوم ہے کہ نصوص سے ثابت ہے ۔ والسلام مع الاکرام ۔

© rasailojaraid.com